کافر کے لیے دعا کرنا

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3763

تاریخ اجراء: 27 شوال المکرم 1446ھ / 26 اپریل 2025ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بعض اوقات غیر مسلم لوگ ہمیں کہتے ہیں کہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا۔ تو ان کو کیا جواب دیا جائے؟ ان کے لئے کیسی دعا کرنی چاہئے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

کافر کے لیے مغفرت کی دعا نہ کی جائے، البتہ! ہدایت اور ایمان کی دعا اس کے لیے کر سکتے ہیں، اس لیے جب وہ کہے کہ: "دعاؤں میں یاد رکھنا!" تو اس سے دعا کا وعدہ کر سکتے ہیں اور دعا سے مراد ہدایت کی دعا ہونی چاہیے اور پھر اس کے لیے ہدایت اور ایمان کی دعا کرتے رہی۔

غیر مسلموں کے لئے ہدایت کی دعا کرنا حدیث پاک سے ثابت ہے، چنانچہ بخاری شریف کی روایت ہے

"عن أبي هريرة رضي الله عنه، قال: جاء الطفيل بن عمرو إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال: إن دوسا قد هلكت عصت وأبت فادع الله عليهم، فقال: اللهم اهد دوسا وأت بهم"

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: حضرت طفیل بن عمرو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: قبیلہ دوس ہلاک ہو چکا ہے، وہ نافرمان ہو گیا ہے اور انکار کر دیا ہے، آپ ان پر بد دعا فرمائیں۔ تو نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! قبیلہ دوس کو ہدایت عطا فرما اور انہیں لے آ۔ (صحیح بخاری، جلد 05، رقم الحدیث: 4392، صفحہ 174، دار طوق النجاۃ)

اس کے تحت عمدۃ القاری میں ہے

"أي: مسلمين أو كناية عن الإسلام"

ترجمہ: یعنی (وہ لوگ) مسلمان ہوجائیں یا یہ (الفاظ) اسلام لانے سے کنایہ ہیں۔ (عمدۃ القاری، جلد14، صفحہ208، دار احیاء التراث العربی، بیروت)

فتاوی ہندیہ میں ہے

"ولا يدعو للذمي بالمغفرة ولو دعا له بالهدى جاز لأنه - عليه السلام - قال «اللهم اهد قومي فإنهم لا يعلمون» كذا في التبيين"

ترجمہ: اور ذمی کے لیے مغفرت کی دعا نہیں کرے گا اور اگر اس کے لیے ہدایت کی دعا کی تو جائز ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم نے یوں دعا کی "اے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے کہ وہ نہیں جانتے۔" اسی طرح تبیین میں ہے۔ (فتاوی ہندیہ، کتاب الکراھیۃ، الباب الخامس عشر فی الکسب، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "کافر کے لیے مغفرت کی دعا ہرگز ہرگز نہ کرے، ہدایت کی دعا کر سکتا ہے۔" (بہار شریعت، جلد03، حصہ16، صفحہ658، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

وَ اللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net